# پہیلیاں بوجھیے

1۔کسی ایک منزلہ گھر میں سونے کے کمروں کا رنگ سبز تھا۔ کھانے کمرے کا رنگ سفید تھا۔ بیٹھک کی دیواریں نیلی تھیں۔ اور غسل خانوں کی دیواریں گلابی تھیں ۔

بتائیے سیڑھیوں کے ہال کا رنگ کیسا تھا ؟

2۔ میں بہت ساری غذا فراہم کرتا ہوں۔ لوگون کو عموماً میری شکل بہت بھاتی ہے۔ مگر کبھی کبھی یہ ڈرائونی بھی ہوجاتی ہے۔ ہر ایک کو میری ضرورت ہے۔ مگر میں کسی کی مِلکیت نہیں ہوں - سطح پر میں پرُسکون معلوم ہوتا ہوں، مگر یہ محض فریب ہے، کیونکہ اصل میں مجھہ میں بہت گھرائی ہے۔ بتائیے میں کون ہوں؟

3۔ میں پانی کے جہاز میں سفر کر رہا تھا۔ ایک دن جہاز کے کپتان نے ہم مسافروں سے سوال کیا " ایک مسافر میرے جہاز کے ایک سِرے پر کھڑا تھا اور دوسرا مسافر دوسرے سرے پر تھا۔ دونوں کی نِگاہیں آسمان پر تھیں۔ مگر وہ ایک دوسرے کو بھی دیکھہ سکتے تھے۔ بھلا یہ کیسے مُمکن ہوا ؟

4۔ وہ کون سی چیز ہے جس کا اگر نام لیا جائے تو وہ فوراً غائب ہوجاتی ہے؟

5۔ اردو حروفِ تہجی میں کتنے حروف ہیں۔

6۔ میرے شہر ہیں مگر گھر نہیں ہیں ۔ میرے پہاڑ ہیں مگر درخت نہیں ہیں۔ میرے دریا ہیں مگر مچھلیاں نہیں ہیں۔ بتائیے میرا نام کیا ہے ؟

7۔ یہ ہے تو آپ کا، مگر اس کو سب استعمال کرتے ہیں۔

8۔ وہ کون سی چیز ہے جو ہفتے میں ایک بار آتی ہے، مہینے میں ایک بار آتی ہے ، مگر سو سال میں آتی ہی نہیں ؟

9۔ وہ کونسا لفظ ہے جو ہمیشہ غلط لکھا جاتا ہے؟

10 - بتائیے کیا رفیہ صفیہ کے پیچھے اس طرح کھڑی ہوسکتی ہے کہ صفیہ رفیہ کے پیچھے ہو ؟

11 - آپ کے چھرے پر وہ کون سی ایک چیز ہے جو دریا تو نہیں مگر بہتی ہے؟

12 - میری پڑوسن کی چار بیٹیاں ہیں۔ ہر بیٹی کا ایک بھائی ہے۔ بتائیے میری پڑوسن کے کتنے بچے ہیں ؟

# پہیلیوں کے حل

12- پڑوسن کے پانچ بچے ہیں ۔ چار بیٹیاں اور ایک بیٹا۔

11- آپ کی ناک۔

10- ہاں ہوسکتا ہے، اگر صفیہ اور رفیہ ایک دوسرے کی طرف پیٹھ کیے کھڑی ہوں۔

9- لفظ: غلط۔

8- حرف: ہ

7- آپ کا نام۔

6- نقشہ۔

5- بارہ

4- خاموشی۔

3-ایک مسافر کا منہ مشرق کی طرف تھا ۔ وہ آسمان کے علاوہ مشرقی سرے پر کھڑے مسافر کی شکل بھی دیکھ سکتا تھا۔ اسی طرح دوسرا مسافر جس کا منہ مغرب کی طرف تھا وہ مغرب میں آسمان کے علاوہ پہلے مسافر کا منھ بھی دیکھہ سکتا تھا۔

2- بحر (بڑا سمندر؛ انگریزی میں اوشَن)۔

1-اس گھر میں نہ سیڑھیاں ہیں نہ سیڑھیوں کا ہال، کیونکہ یہ ایک منزلہ گھر ہے۔

*************